پیداواری منصوبہ

مـــونگ پھلی

2019-20

پیداواری منصوبہ مونگ پھلی 2019-20

اہمیت

مونگ پھلی بارانی علاقوں میں موسم خریف کی اہم ترین نقد آور فصل ہے۔اس خطہ میں موسم خریف کی مقابلتاً بہتر نقد آور فصل ہےاور علاقے کے کاشتکاروں کی معاشی حالت کو سنوارنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔مونگ پھلی کے بیج میں 44 تا 56 فیصد اعلیٰ معیار کا خوردنی تیل اور 22 تا 30 فیصد لحمیات پائے جاتے ہیں۔ اس لئے اس کا غذائی استعمال صحت وتندرستی کو برقرار رکھنے کے لئے مفید ثابت ہوسکتا ہے۔اس کے علاوہ اگر اس کا خوردنی تیل استعمال کیا جائے تو ملکی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے کیونکہ ملکی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ہر سال کثیر زرمبادلہ خرچ کر کے خوردنی تیل درآمد کیا جاتا ہے۔

آب وہوا

مونگ پھلی کی فصل کے لئے گرم مرطوب آب وہوا موزوں ہےاور دوران بڑھوتری مناسب وقفوں سے بارش ہونے سے اس کی نشوونما بہتر ہوتی ہے۔بارانی علاقوں کے موسمی حالات میں یہ دونوں خصوصیات موجود ہیں۔اس لئے مونگ پھلی کے زیر کاشت رقبہ کا بیشتر حصہ بارانی علاقہ جات پر مشتمل ہے۔مونگ پھلی کے کاشتکار بھائی جدید زرعی ٹیکنالوجی کے رہنما اصولوں پر عمل کر کے اپنی پیداوار میں اضافہ کر سکتے ہیں۔پچھلے پانچ سالوں میں پنجاب میں مونگ پھلی کے زیرکاشت رقبہ، پیداوار اور فی ایکڑ پیداوار درج ذیل گوشوارہ میں دی گئی ہے۔

پچھلے پانچ سالوں میں مونگ پھلی کے زیر کاشت رقبہ، پیداوار اور فی ایکڑ اوسط پیداوار

سال	رقبہ (ہزار ایکڑ)	کل پیداوار (ہزار ٹن)	اوسط پیداوار (من فی ایکڑ)
2013-14	212.73	89.98	11.33
2014-15	220.38	76.82	9.34
2015-16	207.66	80.56	10.39
2016-17	205.51	63.71	8.30
2017-18	229.25	78.66	9.19

2017-18 میں رقبہ میں اضافہ کی وجہ: • گذشتہ سال کی نسبت ریٹ بہتر رہا۔

2017-18 میں پیداوار میں اضافہ کی وجہ: • رقبہ میں اضافہ۔

موزوں زمین کا انتخاب

اچھی پیداوار حاصل کرنے کے لیے موزوں زمین بنیادی اہمیت کی حامل ہے۔مونگ پھلی کی کاشت کے لیے ریتلی، ریتلی میرا یا ہلکی میرا زمین نہایت موزوں ہے۔ کیونکہ نرم اور بھربھری ہونے کی بدولت ایسی زمین میں پودوں کی سوئیاں با آسانی داخل ہوسکتی ہیں اور نشوونما پاسکتی ہیں۔ بھاری میرا زمین سخت سطح کی حامل ہونے کے باعث سوئیوں کے داخل ہونے میں رکاوٹ پیدا کرتی ہے۔جس کے نتیجے میں پیداوار کم، پھلیوں کی رنگت خراب اور سائز چھوٹا رہ جاتا ہے۔نیز فصل کی برداشت میں بھی دشواری ہوتی ہے۔مونگ پھلی تھل کے آب پاش علاقوں میں بھی کامیابی سے کاشت کی جاسکتی ہے۔

زمین کی تیاری

مونگ پھلی کی کاشت کے لیے تین تا چار مرتبہ ہل چلانے کی ضرورت پڑتی ہے۔گہرا ہل چلانے کے لیے چیزل ہل کا استعمال فائدہ مند ہوتا ہے۔پہلی مرتبہ جنوری کے آخر یا فروری کے شروع میں ایک دفعہ گہرا ہل چلانا چاہیے تاکہ بارشوں کا پانی زمین میں زیادہ سے زیادہ مقدار میں جذب ہو کر دیر تک محفوظ رہ سکے۔ بارش ہونے کے بعد جب بھی زمین وتر آئے دو دفعہ عام ہل چلا کر سہاگہ دے دیں۔کاشت کا وقت آنے پر زمین کی آخری تیاری سے پہلے کھیت میں کھاد کی سفارش

کردہ مقدار بذریعہ ڈرل ڈال دیں۔ اگر ڈرل دستیاب نہ ہوتو بذریعہ چھٹہ بکھیر کر ایک دفعہ عام ہل چلا کر سہاگہ دینا چاہیے۔ اس عمل سے کھیت کی سطح ہموار، نرم اور بھربھری ہو جائے گی اور زمین میں محفوظ وتر زمین کی اُوپر والی سطح پر آ جائے گا جو فصل کے اگاؤ اور ابتدائی نشوونما میں مددگار ثابت ہوگا۔

سفارش کردہ اقسام

مونگ پھلی کی زیادہ پیداوار کے حصول کے لئے سفارش کردہ اقسام کاشت کریں کیونکہ یہ اقسام زیادہ پیداواری صلاحیت کی حامل ہونے کے علاوہ خشک سالی، بیماریوں اور کیڑے مکوڑوں کے حملے کے خلاف قوتِ مدافعت رکھتی ہیں۔ ان میں بارڈ-479، باری 2011، پوٹھوہار اور باری 2016 شامل ہیں۔ یہ اقسام مناسب موسمی حالات میں 20 سے 25 من فی ایکڑ پیداوار دے سکتی ہیں۔

بیج کا انتخاب

اچھی پیداوار کے حصول کا انحصار معیاری بیج کے استعمال پر ہے۔ لہٰذا مونگ پھلی کی کاشت کے لیے ایسے بیج کا انتخاب کریں جو بلحاظ قسم خالص، صحت منداور 90 فیصد سے زیادہ اگاؤ کی صلاحیت رکھتا ہو۔ بیج پرانا نہ ہو۔ پھلیوں سے زیادہ دیر پہلے نکلے ہوئے بیج کی قوتِ روئیدگی کم ہو جاتی ہے۔ گریوں کے اوپر والے گلابی رنگ کے باریک چھلکے کا صحیح سالم ہونا ضروری ہے۔ ٹوٹے یا اترے ہوئے چھلکے والے بیج میں اگنے کی صلاحیت کم ہو جاتی ہے۔ یاد رہے کہ بیج کو سفارش کردہ پھپھوندی کش زہر تھائیوفنیٹ میتھائل بحساب اڑھائی گرام فی کلوگرام بیج لگا کر کاشت کریں۔

شرح بیج

شرح بیج 70 کلوگرام پھلیاں یا 40 کلوگرام گریاں فی ایکڑ (5 کلوگرام گریاں فی کنال) ضروری ہے تاکہ پودوں کی مطلوبہ تعداد 50 تا 60 ہزار فی ایکڑ حاصل ہو سکے۔ یاد رہے کہ گریاں کمزور، کچی، بیمار اور ٹوٹی ہوئی نہ ہوں۔

وقت کاشت

مونگ پھلی کے بیج کو اگاؤ کے لیے 25 درجے سینٹی گریڈ سے زیادہ درجہء حرارت درکار ہوتا ہے لہٰذا کاشت کے لیے موزوں ترین وقت آخر مارچ تا آخر اپریل ہے لیکن وتر کی کمی بیشی کے پیشِ نظر اسے آخر مئی تک کاشت کیا جا سکتا ہے۔

طریقہ کاشت

مونگ پھلی کی کاشت ہمیشہ بذریعہ پور یا ڈرل قطاروں میں کی جائے۔ بیج کی گہرائی 2 تا 3 انچ رکھی جائے۔ قطاروں کا باہمی فاصلہ ڈیڑھ فٹ اور پودوں کا باہمی فاصلہ 6 تا 8 انچ رکھنا چاہیے۔ مونگ پھلی کو بذریعہ چھٹہ ہرگز کاشت نہ کیا جائے۔

کھادوں کا متناسب استعمال

مونگ پھلی کی فصل کے لئے کھادوں کی مقدار کا صحیح تعین زمین کے تجزیئے کے بعد ہی کیا جا سکتا ہے۔ ایک پھلی دار فصل ہونے کی بدولت مونگ پھلی اپنی ضرورت کی 80 فیصد نائٹروجن فضا سے حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ تاہم ابتدائی نشوونما کے لیے کاشت کے وقت 12 کلوگرام نائٹروجن، 28 کلوگرام فاسفورس اور 12 کلوگرام پوٹاش فی ایکڑ (1.5 کلوگرام نائٹروجن، 3.5 کلوگرام فاسفورس اور 1.5 کلوگرام پوٹاش فی کنال) ڈالی جائے تو بہتر پیداوار حاصل ہوتی ہے۔ مندرجہ بالا غذائی اجزاء کی فراہمی کے لئے گوشوارہ میں دی گئی مقدار میں کیمیائی کھادیں کاشت سے پہلے ڈرل کریں اگر ڈرل دستیاب نہ ہو تو کاشت سے دو دن پہلے چھٹہ کریں۔

مونگ پھلی کے لئے کھادوں کی سفارشات

غذائی عناصر کی مقدار (کلوگرام فی ایکڑ)			فی ایکڑ کھاد کی مقدار	فی کنال کھاد کی مقدار
نائٹروجن	فاسفورس	پوٹاش	(بوریوں میں)	(کلوگرام)
12	28	12	سوابوری ڈی اے پی + آدھی بوری ایس او پی یا آدھی بوری یوریا+ تین بوری سنگل سپر فاسفیٹ (18%)+ آدھی بوری ایس او پی یا آدھی بوری یوریا+ سوا بوری ٹی ایس پی + آدھیبوری ایس او پی	8 کلوگرام ڈی اے پی+3 کلوگرام ایس او پی یا 3 کلوگرام یوریا +19 کلوگرام سنگل سپر فاسفیٹ (18%)+ تین کلوگرام ایس او پی یا 3 کلوگرام یوریا+ 8 کلوگرام ٹی ایس پی+ 3 کلو گرام ایس او پی

جپسم کا استعمال

جولائی کے آغاز میں جب مونگ پھلی کی فصل سے پھول نکل رہے ہوں تو اس میں 200 کلوگرام (چار بوری) فی ایکڑ یا25 کلوگرام (آدھی بوری) فی کنال کے حساب سے جپسم استعمال کرنی چاہیے۔ جپسم کے استعمال سے زمین نرم اور بھُر بھری ہو جاتی ہے اور نمی برقرار رکھنے کی صلاحیت بہتر ہو جاتی ہے جس سے پھلیوں کی بڑھوتری اور پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے نیز پیداوار کا معیار بھی بہتر ہو جاتا ہے۔

جڑی بوٹیوں کی تلفی

مونگ پھلی کی فصل سے جڑی بوٹیوں کی تلفی بذریعہ گوڈی کریں۔ پہلی گوڈی کاشت کے تین یا چار ہفتے بعد کی جائے۔ دوسری گوڈی اس وقت کریں جب فصل پھول نکالنے ہی والی ہو تاکہ پھولوں سے سوئیاں نکلنے کے بعد نرم زمین میں با آسانی داخل ہوسکیں۔ یہ بات قابلِ توجہ ہے کہ جب فصل سوئیاں بنا رہی ہو اس وقت یا اس کے بعد گوڈی فائدہ کی بجائے نقصان دہ ہوتی ہے کیونکہ گوڈی سے سوئیاں بری طرح متاثر ہوتی ہیں جس کے نتیجے میں پھلیاں کم بنتی ہیں اور پیداوار کم ہو جاتی ہے۔ زرعی ماہرین کے مشورہ سے کیمیائی انسداد بھی کر سکتے ہیں۔ جڑی بوٹیوں کی تلفی کے لئے قبل اور بعد از اگاؤ اثر کرنے والی زہریں بھی میسر ہیں۔ لہذا تجویز کردہ زہریں استعمال کریں۔

مونگ پھلی کی بیماریاں اوران کا اِنسداد

نمبر شمار	نام بیماری	علامات	استمرار یا پھیلاؤ	اِنسداد بیماری
1	**پتوں کا ٹکہ نما جھلساؤ** *Cercospora personata*	اس بیماری میں پتوں پر گول شکل کے بھورے داغ پڑ جاتے ہیں۔ شدید حملے کی صورت میں پتے جھلسے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔	یہ بیماری بیج کے ذریعے پھیلتی ہے اور ربیمار پودوں کی باقیات بھی بیماری کے پھیلاؤ کا سبب بنتے ہیں۔	● صحت مند بیج استعمال کریں۔ ● کھیت سے پچھلی فصل کی باقیات کا خاتمہ کریں۔ ● بیج کو سفارش کردہ پھپھوندکش زہر لگا کر کاشت کریں۔
2	**پودوں کا جھلساؤ** *Colletotrichum dematium*	پتوں پر ہلکے بھورے رنگ کے باریک داغ نمودار ہوتے ہیں جو بعد میں گہرے رنگ کے ہو جاتے ہیں۔ پودا خوراک صحیح طرح نہیں بنا سکتا اور پیداوار میں کمی واقع ہو جاتی ہے۔	اس بیماری کے پھیلاؤ کا سبب بیمار بیج کا استعمال ہے۔ اس کے علاوہ بیمار پودوں کے باقیات کھیت میں پڑے رہنے سے بھی یہ بیماری پھیلتی ہے۔	● صحت مند بیج استعمال کریں۔ ● بیمار کھیت سے پودوں کے باقیات تلف کریں۔ ● بیج کو سفارش کردہ پھپھوندکش زہر لگا کر کاشت کریں۔

3	**پھلی یا تنے کا گلاؤ** Aspergillus niger	اس بیماری کی صورت میں پودوں کے تنوں پر کالے داغ ظاہر ہوتے ہیں اور ان کا نچلا حصہ گل جاتا ہے۔بعض حالات میں زیر زمین پھلی بھی گل جاتی ہے۔	اس بیماری کا سبب بیمار بیج کا استعمال ہے۔	● صحت مند بیج استعمال کریں۔ ● بیج کو سفارش کردہ پھپھوند کش زہر لگا کر کاشت کریں۔ ● ممکنہ حد تک فصلوں کا ادل بدل کریں۔ ● بیماری کے خلاف قوت مدافعت رکھنے والی اقسام کاشت کریں۔
4	**پودوں کا مرجھاؤ** Fusarium Sp. verticillium alboatrum Rhizoctonia Solani	اس بیماری کے حملہ کی صورت میں پودے اچانک مرجھا جاتے ہیں۔ اس بیماری کا سبب فیوزیریم نامی ایک پھپھوند ہے جبکہ راولپنڈی اور چکوال کے اضلاع میں ورٹیسیلیم ایلبو ایٹرم رایز یکٹونیا سولانی نامی پھپھوندیاں بھی اس کا اہم سبب ہے۔	اس بیماری کا سبب بیمار بیج کا استعمال ہے۔ نیز بیماری والے کھیت میں دوبارہ اس فصل کی کاشت سے یہ بیماری زیادہ پھیلتی ہے۔	● صحت مند بیج استعمال کریں۔ ● بیج کو سفارش کردہ پھپھوند کش زہر لگا کر کاشت کریں۔ ● ممکنہ حد تک فصلوں کا ادل بدل کریں۔

مونگ پھلی کے نقصان رساں کیڑے و جانور اور ان کا تدراک

نمبر شمار	نام کیڑا	پہچان	نقصانات	انسداد
1	**دیمک** Termites	یہ کیڑا چیونٹی سے مشابہ اور ہلکے زرد رنگ کا ہوتا ہے۔ بارانی اور تھر کے علاقہ میں یہ ایک شدید مسئلہ ہے۔ یہ کیڑا زمین کے اندر گھر بنا کر ایک کنبہ کی صورت میں رہتا ہے۔	یہ کیڑا پودوں کے زیر زمین تنوں اور جڑوں پر زیادہ خشک موسم میں حملہ آور رہتا ہے۔ حملہ شدہ پودے سوکھ جانے کے بعد آسانی سے اُکھاڑے جا سکتے ہیں۔	● محکمہ زراعت کے عملہ سے مشورہ کر کے سفارش کردہ زہر کلور پائری فاس 40 ای سی بحساب 1500 سے 2000 ملی لیٹر فی ایکڑ آب پاشی کے ساتھ استعمال کریں۔ ● بیج کو سفارش کردہ کیڑے مار زہر لگا کر کاشت کریں۔
2	**چور کیڑا** Cut Worm	انڈے سے سنڈی نکلتے وقت 1.5 ملی میٹر لمبی ہوتی ہے جس کا سر چمکیلا اور گردن پر سیاہ دھبہ ہوتا ہے۔ بالغ سنڈی گہرے بھورے رنگ کی اور کافی لمبی ہوتی ہے۔	رات کے وقت سنڈیاں پودے کے پتوں کو کھاتی ہیں اور تنوں کو کاٹتی ہیں جنکی وجہ سے پودے اس جگہ پر گرے ہوئے ملتے ہیں	● محکمہ زراعت کے عملہ سے مشورہ کر کے سفارش کردہ زہر سائپرمیتھرین 10 ای سی بحساب 250 ملی لیٹر یا کاربیرل 85 فیصد 1 کلوگرام فی ایکڑ شام کے وقت سپرے کریں یا کاربیرل ڈسٹ 10 فیصد 5 کلوگرام فی ایکڑ شام کے وقت دھوڑا کریں۔ ● سنڈیوں کو ہاتھ سے چن کر تلف کریں۔ ● جڑی بوٹیاں تلف کریں۔ ● اگر ممکن ہو تو کھیت کو گوڈی کر کے پانی لگائیں۔ ● پروانوں کو تلف کرنے کے لیے دو عدد روشنی کے پھندے فی ایکڑ لگائیں۔

3	بالدارسنڈی (Hairy aterpiller)	مادہ پروانہ انڈے ڈھیریوں کی شکل میں پتوں کی نچلی سطح پر دیتی ہے۔ پروانے کا سر،گردن اور جسم کا نچلا حصہ گہرا زرد ہوتا ہے۔مکمل قد کی سُنڈی کا پُورا جسم لمبے لمبے مٹیالے رنگ کے بالوں سے ڈھکا ہوتا ہے۔	پہلی دو حالتوں کے دوران سُنڈیاں اکٹھی ایک جگہ پر پتوں کو کھاتی ہیں۔ اس کے بعد پتوں،تنوں اور شاخوں کے نرم حصے کو کھاتی ہیں۔شدید حملے کی صورت میں پودے ٹُنڈ مُنڈ نظر آتے ہیں۔	● محکمہ زراعت کے عملہ سے مشورہ کر کے سفارش کردہ زہر میتھومل 40ایس پی بحساب 500 گرام یا تھائیوڈائی کارب 80ڈی ایف بحساب 300 گرام فی ایکڑ سپرے کریں۔ ●پروانوں کو تلف کرنے کے لئے روشنی کے پھندے مہم کی صورت میں لگائیں۔ ● پھندوں کے قریب انڈے چن کر تلف کریں۔ ● ممکن ہوتو فصل اگیتی کاشت کریں۔
4	ٹوکا Chrotogonus	یہ کیڑا اگتی ہوئی فصل پر حملہ آور ہوتا ہے ۔اس کا جسم مٹیالا، مضبوط اور تکون نما ہوتا ہے۔ کھیتوں میں چھوٹی چھوٹی اڑان کرتا اور پھدکتا نظر آتا ہے۔	بالغ اور بچے اگتے ہوئے پودوں کو کھا کرتباہ کر دیتے ہیں۔	● محکمہ زراعت کے عملہ سے مشورہ کر کے سفارش کردہ زہر پرمیتھرین 0.2 فیصد بحساب 5 کلو گرام فی ایکڑ 10 کلوگرام راکھ میں ملا کر صبح کے وقت جب پودوں پر شبنم ہو دھوڑا کریں۔
5	سست تیلہ Aphid	یہ کیڑا ناشپاتی کی شکل کے مشابہ اور اس کا رنگ ہلکا سبز ہوتا ہے ۔ اس کے بچے گہرے بھورے رنگ کے ہوتے ہیں ۔ بالغ کیڑا اکثر پروں کے بغیر ہوتا ہے لیکن کئی پردار اقسام بھی ہوتی ہیں۔ یہ سال میں 12 تا 14 نسلیں مکمل کرتا ہے۔	بالغ اور بچے نرم شاخوں اور پھولوں کا رس چوستے ہیں جس کی وجہ سے بڑھوتری کا عمل شدید متاثر ہوتا ہے۔ یہ ایک میٹھا رس خارج کرتا ہے۔ جس کی وجہ سے کالی پھپھوندی اگ آتی ہے۔ اور ضیائی تالیف کا عمل متاثر ہوتا ہے۔اس کے علاوہ یہ بہت سی وائرسی بیماریاں پھیلانے کا سبب بھی بنتا ہے۔	● محکمہ زراعت کے عملہ سے مشورہ کر کے سفارش کردہ زہریں کاربوسلفان 25ای سی بحساب 500 ملی لیٹر یا امیڈا کلوپرڈ 20ایس ایل بحساب 250 ملی لیٹر یا بائی فینتھرین 10ای سی بحساب 250 ملی لیٹر یا پریمیکارب 50ڈی پی بحساب 340 گرام فی ایکڑ سپرے کریں۔ ● بیج کو کیڑے مار زہر لگا کر کاشت کریں۔ ● کھیت میں کسان دوست کیڑے مثلاً کھوا بھونڈی، لیڈی برڈ بیٹل، کرائسو پرلا اور مکڑیوں کو فروغ دیں اور کوشش کریں کہ کیڑے مار سپرے کم سے کم ہو۔
6	تھرپس Thrips	یہ کیڑا بہت چھوٹا ہوتا ہے۔اس کے بالغ پردار اور بھورے رنگ کے ہوتے ہیں ۔یہ کیڑے زیادہ تر پھولوں اور نرم شاخوں پر ہوتے ہیں اور ان ہی پر اپنے انڈے دیتے ہیں ۔بچوں کا رنگ پیلا اور پیٹ پر سرخ رنگ کی پٹیاں ہوتی ہیں۔	یہ کیڑا تازہ شاخوں، پھولوں اور نرم پتوں سے رس چوستا ہے۔ پتوں کی نچلی سطح چاندی کی طرح سفید ہو جاتی ہے اور پتوں کے کنارے مڑ جاتے ہیں ۔ پودوں کے شدید متاثرہ حصے سوکھ جاتے ہیں۔	● محکمہ زراعت کے عملہ سے مشورہ کر کے سفارش کردہ زہروں کا سپرے کریں ۔ ● پودے کے متاثرہ حصوں کو کاٹ کر دبا دیں۔ ● پیوپے ختم کرنے کے لیے ہلکی گوڈی کریں۔ ● کھیت میں موجود کسان دوست کیڑے مثلاً کھوا بھونڈی ، لیڈی برڈ بیٹل، کرائسو پرلا اور مکڑیوں کو فروغ دیں۔ ● جہاں تک ممکن ہو سپرے سے اجتناب کریں۔

7	**چست تیلہ** Jassid	یہ کیڑا ہلکے سبز اور زردی مائل سبز رنگ کا ہوتا ہے۔ اس کے پر شفاف ہوتے ہیں۔ یہ پتوں کی شہ رگ کے اندر انڈے دیتا ہے جس سے ایک ہفتے کے اندر بچے نکل آتے ہیں جو 10 دنوں میں بالغ بن جاتے ہیں اور پتوں کا رس چوستے ہیں۔	اس کیڑے کے بچے اور بالغ دونوں پتوں کی رگوں سے رس چوستے ہیں اور اس میں زہر داخل کرتے ہیں جس کی وجہ سے ضیائی تالیف کا عمل رک جاتا ہے اور پتے اوپر کی جانب مڑ جاتے ہیں۔ شدید حملے کی صورت میں فصل پیلی ہو جاتی ہے۔	● محکمہ زراعت کے عملہ سے مشورہ کر کے سفارش کردہ زہروں کا سپرے کریں۔ ● کھیت میں موجود جڑی بوٹیوں کو تلف کریں۔ ● کھیت کے قریب بھنڈی کاشت نہ کریں۔
8	**موذی جانور** Vertebrate Pests	چوہے، سہ اور جنگلی سور بھی مونگ پھلی کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ ان کے تدارک کے لیے محکمہ زراعت کے مقامی عملہ کے مشورہ سے زہر استعمال کریں۔		

مونگ پھلی کی برداشت اور سنبھال

مونگ پھلی کی برداشت کے وقت اگر احتیاطی تدابیر اختیار نہ کی جائیں تو پیداوار کا نقصان ہو سکتا ہے۔ برداشت کا عمل شروع کرنے کے لیے موزوں وقت کا انتخاب بہت اہمیت کا حامل ہے۔ وقت سے پہلے برداشت کی صورت میں کچی پھلیوں کی تعداد زیادہ ہوتی ہے جو پیداوار میں کمی کا باعث بنتی ہیں۔ جبکہ تاخیر سے برداشت کے نتیجے میں پھلیوں کا رنگ سیاہ ہو جاتا ہے جس سے معیار متاثر ہوتا ہے، منڈی میں قیمت بھی کم ملتی ہے اور زیادہ تعداد میں پھلیاں زمین میں ہی رہ جاتی ہیں۔ مونگ پھلی کی جدید اقسام تقریباً 6 ماہ میں پک کر تیار ہو جاتی ہیں۔

موزوں وقت برداشت

جب فصل کے پتے خشک ہو کر گرنا شروع ہو جائیں تو کھیت کے مختلف حصوں سے پودے اکھاڑ کر دیکھ لینا چاہیے۔ اگر پھلیوں کے چھلکے کا اندرونی حصہ گہرے بھورے رنگ کا اور گری کا رنگ گلابی ہو جائے تو فصل پکی ہوئی تصور کی جائے گی۔ جب 80 فیصد سے زیادہ پھلیاں پکی ہوئی ہوں تو فصل برداشت کے لیے تیار ہے۔

طریقہ برداشت

مونگ پھلی کی برداشت اگر ٹریکٹر ڈگر سے کی جائے تو فصل کا ضیاع کم ہوتا ہے اور پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوتا ہے۔ اگر ٹریکٹر ڈگر دستیاب نہ ہو تو کسّی یا کسولہ کی مدد سے پودوں کو اکھاڑ لیا جائے۔ پھر ان پودوں سے پھلیاں علیحدہ کر لیں۔ اس مقصد کے لئے تھریشر دستیاب ہیں۔ زمین میں رہ جانے والی پھلیوں کو بھی جلد سے جلد اکٹھا کر لینا چاہیے تاکہ نمی کی وجہ سے رنگت متاثر نہ ہو۔ پھلیوں کو خشک کرنے کے لیے کم از کم ایک ہفتہ تک صاف ستھری اور سخت جگہ پر دھوپ میں بکھیر دینا چاہیے۔ پھلیوں کو ڈھیریوں کی شکل میں رکھنے سے بھی اُن کی رنگت اور معیار متاثر ہوتا ہے۔ بارش اور شبنم سے پھلیوں کی حفاظت کی جائے کیونکہ نمی کی وجہ سے معیار بُری طرح متاثر ہوتا ہے۔ خشک پھلیوں کو چھاج کے ذریعے یا ٹریکٹر سے چلنے والے بڑے پنکھے سے صاف کر لینا چاہیے تاکہ کچی، خالی اور گلی ہوئی پھلیاں علیحدہ ہو جائیں۔ جن پھلیوں کو ذخیرہ کرنا ہو انہیں مزید اچھی طرح خشک کرنے کے بعد صاف ستھری پٹ سن یا کپڑے کی بوریوں میں بھر کر خشک، ہوادار اور صاف ستھرے گوداموں میں رکھا جائے اور ان میں نمی کا تناسب دس فیصد سے زیادہ نہ ہو۔ گوداموں میں چوہوں، دیمک اور دیگر کیڑے مکوڑوں، نمی اور بارش وغیرہ سے بچاؤ کا بھی مناسب انتظام ہونا چاہیے۔

زرعی معلومات کیلئے ہیلپ لائن اور ویب سائٹ

کاشتکار مونگ پھلی اور دیگر فصلات کے کاشتی امور کے سلسلہ میں زرعی ہیلپ لائن 0800-15000 پر روزانہ صبح آٹھ بجے سے شام آٹھ بجے تک مفت کال کر کے مفید مشورے حاصل کر سکتے ہیں۔اس کے علاوہ محکمہ زراعت کی ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk سے مفید معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔مزید معلومات کے لئے مندرجہ ذیل فون نمبر پر رابطہ کریں۔

نمبر شمار	نام ضلع	کوڈ نمبر	فون دفتر	ای میل ایڈریس
1	بارانی زرعی تحقیقاتی ادارہ چکوال	0543	594499	barichakwal@yahoo.com
2	قومی زرعی تحقیقاتی ادارہ برائے تیلدار اجناس، اسلام آباد	051	9255198	Dramjad57@hotmail.com
3	نائب نظامت زراعت (توسیع)، اٹک	057	9316129	doa_agriext_atk@yahoo.com
4	نائب نظامت زراعت (توسیع)، جہلم	0544	9270324	doaejlm@yahoo.com
5	نائب نظامت زراعت (توسیع)، راولپنڈی	051	9290331	do.agriext.rwp.pk@gmail.com
6	نائب نظامت زراعت (توسیع)، چکوال	0543	551556	doaextckl@gmail.com
7	نظامت زراعت (فامز، ٹرئننگ واڈاپٹیو ریسرچ)، چکوال	0543	571110	arfchakwal@gmail.com

مونگ پھلی کی پیداوار بڑھانے کے اہم عوامل

- صرف منظور شدہ اقسام بارڈ-479، باری 2011 ، پوٹھوہار اور باری 2016 کاشت کریں۔
- شرح بیج 70 کلوگرام پھلیاں یا 40 کلوگرام گریاں فی ایکڑ (5 کلوگرام گریاں فی کنال) رکھیں۔
- کاشت کے لیے بیج خالص، صحت منداور 90 فیصد سے زیادہ اگاؤ کی صلاحیت والا استعمال کریں۔
- بیج سے پھیلنے والی بیماریوں کے تدارک کے لئے بیج کو کاشت سے پہلے سفارش کردہ پھپھوندی کش زہر ضرور لگائیں۔
- مونگ پھلی کی کاشت کے لیے موزوں ترین وقت آخر مارچ تا آخر اپریل ہے۔
- مونگ پھلی کی کاشت ہمیشہ پور یا ڈرل سے قطاروں میں کی جائے اور بیج کی گہرائی 2 تا 3 انچ رکھی جائے۔قطاروں کا باہمی فاصلہ ڈیڑھ فٹ اور پودوں کا باہمی فاصلہ 6 تا 8 انچ رکھنا چاہیے۔
- کھادوں کا متناسب اور متوازن استعمال زمین کے لیبارٹری تجزیہ کے مطابق کریں۔
- جب فصل پھول اور سوئیاں نکال رہی ہو یعنی شروع جولائی میں 200 کلوگرام فی ایکڑ یا 25 کلوگرام فی کنال کے حساب سے جپسم ڈالنی چاہیے۔
- مونگ پھلی کی فصل سے جڑی بوٹیوں کی تلفی بذریعہ گوڈی کاشت کے تین تا چار ہفتے بعد کی جائے۔کیمیائی انسداد زرعی ماہرین کے مشورہ سے کریں۔
- جب فصل سوئیاں بنا رہی ہو اس وقت یا اس کے بعد ہرگز گوڈی نہ کریں۔
- کیڑوں کے کیمیائی انسداد کے لئے محکمہ زراعت کے عملہ کے مشورہ سے کتابچہ میں دی گئی سفارش کردہ زہروں کا استعمال کریں۔

☆☆☆

تیار کردہ: نظامتِ زراعت کوآرڈینیشن (فارمز، ٹریننگ اور اڈاپٹو ریسرچ) پنجاب لاہور۔ **منظور کردہ:** نظامتِ اعلیٰ زراعت (توسیع واڈاپٹو ریسرچ) پنجاب لاہور
شائع کردہ: نظامت زرعی اطلاعات پنجاب، 21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
تعداد: 2000 **اشاعت:** 2019-20